# اشتہار برائے خرید لئیر مرغیاں

دفتر ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک اینڈ پولٹری ڈیویلپمنٹ آفیسر سدھنوتی کو مالی سال 21-2020 کے دوران جاری ترقیاتی سکیم "Backyard Poultry Production for Women in AJ&K" کے تحت موصول شدہ بجٹ کے خلاف اٹھارہ ہفتے عمر کی مرغیاں / Pullets خرید کرنے کے لئے بذیل شرائط پر اچھی شہرت کی حامل انکم ٹیکس رجسٹرڈ کمپنیوں / فرموں سے غیر مشروط سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں:

1- **بولی** آزاد جموں وکشمیر پبلک پروکیورمنٹ ریگولیریٹی اتھارٹی کے قوانین مجریہ 2017 کے قاعدہ نمبر 36(b) میں درج شدہ طریقہ کار کے تحت واحد مرحلہ دو لفافہ (Single Stage-Two Envelope) کے ذریعے **کھلی مسابقتی بولی** (Open Competitive Bidding) کے اُصول کے تحت وصول کی جائے گی۔

2- سربمہر ٹینڈرز دفتر ہذا کو دیئے گئے پتہ پر مورخہ: 2020-08-25 بوقت 11:00 بجے دن یا اس سے پہلے پہنچ جانے چاہئیں۔

3- کامیاب بولی دہندہ کو ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک اینڈ پولٹری ڈیویلپمنٹ آفیسر سدھنوتی کے نام **بولی کی قدر کا دو فیصد (2٪) زرِ تحفظ بولی** (Bid Security) پاکستان کے کسی شیڈیولڈ بینک سے CDR کی صورت میں اُسی دن فراہم کرنا ہو گا۔

4- ٹینڈرز بولی دہندگان یا اُنکے نامزد کردہ نمائندگان (اتھارٹی لیٹر پیش کرنا ہو گا) کی موجودگی میں **بوقت 01:00 بجے دن ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک اینڈ پولٹری ڈیویلپمنٹ آفس پلندری** میں اُسی دن کھولے جائینگے۔ پہلے تکنیکی بولی (Technical Bid) کی پڑتال کی جائیگی اور تکنیکی طور پر کامیاب ہونے والے بولی دہندگان کی مالیاتی بولی (Financial Bid) کی پڑتال کی جائیگی۔

5- **قدرِ زر** (Value for Money) کے اُصول کے مطابق یعنی بہترین اشیا کی خریداری کے لئے بولی دہندگان کو **بہترین اور آخری ان راخ** پیش کرنا ہونگے۔

6- واجب الادا بل کی رقم میں سے حکومت آزاد جموں وکشمیر کے قوانین کے مطابق **جملہ ٹیکسز** وضع کئے جائیں گے۔

7- ٹینڈر فارم کے ہمراہ **اشیا کی تصریحات کی مذید وضاحت** منسلک کی گئی ہے تاکہ بہترین قدر پر مبنی بولی / نرخ دیا جاسکے۔

8- مسترد شدہ / Black Listed کمپنیاں / فرمیں / سپلائر / کنٹریکٹر / بولی دہندگان بولی میں شرکت کے اہل نہیں ہوں گے۔ تمام بولی دہندگان کو بیان حلفی / سرٹیفیکیٹ فراہم کرنا ہو گا کہ وہ آزاد کشمیر، فاٹا یا اسلامی جمہوریہ پاکستان میں کسی بھی جگہ نہ تو مسترد شدہ / بلیک لسٹڈ ہیں اور نہ ہی حکومت کے ساتھ اُن کا کوئی مقدمہ یا تضاد زیرِ کار ہے۔

9- **محکمانہ پرچیز کمیٹی** آزاد جموں وکشمیر پبلک پروکیورمنٹ ریگولیرٹی اتھارٹی قوانین مجریہ 2017 کے ضابطہ نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو **منظور یا مسترد** کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

10- **قدر پیمائی نامہ بولی / منظوری معائدہ** (Bid Evaluation Report/Award of Contract) آزاد جموں وکشمیر پبلک پروکیورمنٹ ریگولیرٹی اتھارٹی کی ویبسائٹ پر بھی آویزاں کیا جائیگا۔

11- **کامیاب بولی دہندہ** کو سپلائی آرڈر کے اجرا کے پندرہ دن کے اندر اٹھارہ ہفتے عمر کی مرغیاں از نسل آر۔ آئی۔ آر، بلیک آسٹر الارپ اور فایومی وزن بالترتیب 1.3، 1.3 و 1.0 کلو گرام، ویکسین شدہ بخلاف انفیکشیس برانکائیٹس، رانی کھیت، انفلوئینزا، فاول پاکس، میرکس، گمبورو (علاقے کے وٹرنری آفیسر کی طرف سے یا مستند لیبارٹی کی طرف سے جاری کردہ ویکسینیشن سرٹیفیکیٹ پیش کرنا ہو گا، محکمہ اپنے طور پر ٹائیٹر چیک کروائے گا اور ٹائیٹر کم ہونے کی صورت میں سپلائی واپس کردی جائیگی) ایف او آر کی بنیاد پر متعلقہ یونین کونسل ہا میں پہنچا کر دینا ہو نگی۔

12- **مزید معلومات یا وضاحات** کے لئے دفتری اوقاتِ کار کے دوران دفتر ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک اینڈ پولٹری ڈیویلپمنٹ آفس پلندری فون نمبر: 920096-05825 میں بالمشافہ یا بذریعہ ٹیلی فون رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

13- ٹینڈرز دفتر ہذا میں دستی یا بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک / کوریئر سروس (خرچہ بذمہ بولی دہندہ) مقررہ تاریخ اور وقت پر پہنچانے ہوں گے۔ مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے یا کھلے ٹینڈر (بغیر سربمہر کیئے ہوئے) مسترد کر دیئے جائیں گے۔

14- اشتہار ہذا آزاد جموں وکشمیر پبلک پرکیورمنٹ ریگولرٹی اتھارٹی کی ویب سائیٹ (www.ajkppra.gov.pk) پر بھی دستیاب ہے۔

(ڈاکٹر طاہر محمود)

ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک اینڈ پولٹری ڈیویلپمنٹ آفیسر

سدھنوتی

# بولی دستاویز/Bidding Document

دفتر ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک اینڈ پولٹری ڈیویلپمنٹ آفیسر پونچھ راولاکوٹ مالی سال 21-2020 کے دوران جاری ترقیاتی سکیم "Backyard Poultry Production for Women in AJ&K" کے تحت موصول شدہ بجٹ کے خلاف اٹھارہ ہفتے عمر کی مرغیاں/Pullets خرید کرنے کے لئے اچھی شہرت کی حامل انکم ٹیکس رجسٹرڈ کمپنیوں/فرموں سے اشتہار میں درج شرائط پر خریداری کا خواہاں ہے۔ کامیاب بولی دہندہ کو بذیل شرائط پر فراہمی مکمل کرنا ہوگی:

1- **عملدرآمد:** حکم فراہمی کے اجرا کے پندرہ دن کے اندر مرغیاں فراہم کرنا ہونگی۔

2- **سامان کا معیار:** مرغیاں برائے فراہمی عمومی طور پر قابلِ قبول نسل، عمر، صحت اور وزن کے لحاظ سے اعلیٰ معیار کی ہونی چاہئیں۔

3- **پہنچ اخراجات:** ضلع سدھنوتی کی مختلف یونین کونسل ہامیں موقع پر پہنچا کر جملہ اخراجات بولی میں شمار کئے جائیں گے۔

4- **متفرق اخراجات:** کوئی خفیہ اخراجات شامل نہیں کئے جائیں گے۔

5- **وضعگی ٹیکسز:** حکومت آزاد جموں وکشمیر کے قوانین کے مطابق جملہ ٹیکسز سالم رقم سے منہا کیئے جائیں گے۔

6- **ادائیگی کا نظام الاوقات:** ادائیگی مرغیوں کی کامیاب ترسیلی رپورٹ کی وصولی اور محکمہ حسابات سے بل کی منظوری کے بعد بذریعہ چیک کی جائیگی۔

7- **ترسیل کا پتہ:** مرغیاں ضلع سدھنوتی کی تقریباً تمام یونین کونسل ہامیں پہنچا کر دینا ہونگی۔

8- **عملداری:** خریدار اور فراہم کنندہ کے درمیان کسی اختلاف کی صورت میں فیصلہ دفتر ناظم لائیوسٹاک توسیع تحقیق وترقی مظفرآباد کریگا۔

**نوٹ:**

بولی دہندگان کو منسلک نمونہ مالیاتی تجویز پر پیشکش دینا ہوگی۔

## تصریح اشیائے خرید داری / نمونہ مالیاتی تجویز

## (SPECIFICATION OF PROCURMENT ITEMS/FORMAT FOR FINANCIAL PROPOSAL)

| نمبر شمار | شئی | تصریح | پیمائش کی اکائی | قیمت اکائی (بغیر ٹیکسز) | قیمت اکائی (بمع ٹیکسز) |
|---|---|---|---|---|---|
| 01 | آر۔ آئی۔ آر مرغی (Rhode Island Red Pullet) | رنگ سرخ، عمر 18 ہفتے، وزن 1.3 کلو گرام | عدد | | |
| 02 | بلیک آسٹر الارپ مرغی | رنگ کالا، عمر 18 ہفتے، وزن 1.3 کلو گرام | عدد | | |
| 03 | فایومی مرغی | رنگ سفید کالا مکس، عمر 18 ہفتے، وزن 1.0 کلو گرام | عدد | | |

نام بولی دہندہ / فرم / کمپنی / کاروبار: ----------------------------------------------------------------------------

دستخط مع مہر: ------------------------------------------ تاریخ:---------------------

نوٹ:

بولی دہندگان شئی وار (Item Wise) نرخ بشمول مروجہ جملہ ٹیکسز تحت قوانین آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر لکھ سکتے ہیں۔ کاٹ کر لکھائی، دوہری لکھائی، ایک شئی کے دو نرخ، مبہم نرخ یا دیگر کسی ناجائز ذریعہ کے استعمال کی صورت میں پیشکش مسترد کر دی جائیگی۔